جدید عربی زبان کے لیے ایک پرکشش تعلیمی نصاب

1

لِسَانُ الفِردوسِ

الجزءُ الاوّل

قائدِ اہلسنّت علامہ ارشد القادری علیہ الرحمہ

اضافہ و ترتیبِ جدید

ڈاکٹر غلام زرقانی

جدید عربی زبان کے لیے ایک پر کشش تعلیمی نصاب

لسان الفردوس

الجزء الاول

قائد اہل سنت علامہ ارشد القادری علیہ الرحمہ

اضافہ و ترتیب جدید

ڈاکٹر غلام زرقانی قادری

نام: لسان الفردوس (الجزء الاول)

تصنیف: قائد اہل سنت علامہ ارشد القادری علیہ الرحمہ

اضافہ وترتیب جدید: ڈاکٹر غلام زرقانی قادری

اڈیشن: اوّل

صفحات: 72

تاریخ: مئی ۲۰۱۶ء

ناشر: دارالنعمان، لاہور 0333-3585426

اسے خدائے قدیر وقیوم کی رحمت بے پایاں اور سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیوض وبرکات سے تعبیر کیجیے کہ "لسان الفردوس" نہایت ہی قلیل عرصے میں ہندوستان کے بہت سارے مدارس اسلامیہ کے نصاب میں داخل ہونے کے بعد، اب اہل پاکستان کے استفادہ کے لیے "دارالنعمان" لاہور سے بھی طبع ہو رہی ہے۔ بلاشبہ اس موقع پر ادارہ کے روح رواں محبّ علم وفن جناب مقصود احمد صاحب قابل مبارک باد ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سبھوں کو اجر عظیم عطائے فرمائے۔ (ڈاکٹر غلام زرقانی قادری)

ملنے کے پتے

مکتبہ صبح نور، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور 0321-4771504

مکتبہ قادریہ، دربار مارکیٹ لاہور، مکتبہ اعلیٰ حضرت دربار مارکیٹ لاہور

مسلم کتابوی دربار مارکیٹ، لاہور مکتبہ قادریہ یونیورسٹی روڈ کراچی، مکتبہ حسان فیضان مدینہ کراچی

مشمولات

ابتدائے سخن

میں پورے وثوق کے ساتھ یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ والد گرامی قائد اہل سنت علامہ ارشد القادری علیہ الرحمہ نے عربی زبان سکھانے کے لیے ''لسان الفردوس'' نامی کتاب کب تصنیف فرمائی، تاہم یہ ضرور یاد ہے کہ صغرسنی سے ہی اس کے ذکر جمیل کی بازگشت سنائی دیتی رہی ہے۔ اور جب کلیۃ الدعوۃ الاسلامیہ، طرابلس لیبیا سے اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد دہلی قیام پذیر ہوا، تو ایک بار پھر میں نے زیر نظر کتاب کی بازگشت سنی، مگر نوعیت مختلف تھی۔ اب کی بار والد گرامی علیہ الرحمہ اسے کئی حصوں میں ترتیب دے کر مکمل کرنے کی ٹھان چکے تھے۔ لہذا پچھلی طباعت شدہ ''لسان الفردوس'' میں موجود پندرہ اسباق کے بعد، نئے اسباق ترتیب دیئے گئے۔ اس طرح دس اسباق کے کتابت شدہ اوراق میرے پیش نگاہ ہیں۔ چونکہ نئے اضافہ کی ابتداء وہیں سے ہوئی ہے، جہاں پر مروجہ نسخہ ختم ہو رہا ہے، اس لیے یہ بات اطمینان کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ والد گرامی علیہ الرحمہ پہلے پچھلے نسخہ کو مزید اضافہ کے ساتھ شائع کرنا چاہے تھے، پھر وہ اس کے مزید حصے کی طرف توجہ فرماتے، جیسا کہ خود فرماتے ہیں:

'' یہ کتاب کا پہلا حصہ ہے، توفیق خداوندی شریک حال رہی تو یہ کتاب کئی حصوں میں مکمل ہوگی۔ '' (پیش لفظ کتاب ھذا)

آہ۔۔۔کہ یہ حسرت پوری نہ ہوسکی اور گوناگوں جماعتی مصروفیات نے انہیں تاعمر کہیں چند ایام کے لیے یکسوئی کے ساتھ بیٹھنے کی مہلت ہی نہ دی، تاہم ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دارفانی سے کوچ کرنے کے باوجود وہ اپنے روحانی تصرفات سے مجھے بار بار اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے ابھارتے رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب میں اپنی کسی کتاب سے فارغ ہوتا ہوں، معاً یہ خیال گزرتا ہے کہ والد گرامی علیہ الرحمہ کی فلاں زیر تکمیل کتاب کی طرف توجہ دوں اور پھر ایک نئی کتاب تکمیل وترتیب کے مراحل سے گزر کر بازار میں آجاتی ہے۔اس طرح آپ کے وصال کے بعد اب تک آٹھ کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

بہرکیف، یہ میری خوش بختی ہے کہ اللہ رب العزت نے ''لسان الفردوس'' کی ترتیب جدید کی توفیق مجھے عطا کی۔ میں نے اس نسخہ میں ہر سبق کے بعد ''خالی جگہیں پر کرو'' کا لاحقہ شامل کر دیا ہے، جو قدرے سہل ہے۔ اس سے، ایک طرف صحیح جوابات دینے کے بعد بچوں کے دلوں میں عربی زبان سیکھنے کا حوصلہ مزید بڑھ جاتا ہے اور دوسری جانب کتاب کی ضخامت میں بھی قدرے اضافہ ہوگیا ہے۔ چونکہ یہ کتاب کوئی تحقیقی نہیں ہے، اس لیے کہیں کہیں چند جملوں کا اضافہ کیا بھی ہے، تو حاشیہ میں کسی اعلامیہ کی ضرورت محسوس نہیں کی ہے۔

''لسان الفردوس'' کی پچھلی طباعت میں شامل ادیب شہیر علامہ یسین اختر مصباحی کے گرانقدر ''تاثرات'' اور والد گرامی علیہ الرحمہ کے قلم سے تحریر شدہ قیمتی ''پیش لفظ'' کو ترتیب جدید میں بھی بطور تبرک شامل اشاعت رکھا ہے۔

حضرت علامہ محمد عظیم الدین ازہری صاحب پرنسپل جامعہ حضرت نظام الدین اولیاء کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے کتاب کی پروف ریڈنگ کی اور مفید مشورے بھی دیے۔

دعا کریں کہ پہلے حصہ کی تزئین وآرائش کے بعد والد گرامی علیہ الرحمہ کی دیرینہ خواہش کی تکمیل کرتے ہوئے مزید حصے بھی مجھ ہیچمداں سے ترتیب پاجائیں۔

غلام زرقانی قادری

۵ر جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ ہجری

پیش لفظ

عربی زبان سے ہمارا تعلق صرف زبان ہی کا نہیں ہے، بلکہ دین وایمان کا بھی ہے کہ قرآن وحدیث کا اصل سرمایہ اسی زبان میں ہے۔ دنیا کے جن ملکوں میں عربی زبان ایک سرکاری زبان کی حیثیت سے خود اپنا قلمدان حکومت رکھتی ہے، وہاں اس کے حاصل کرنے کی غرض مادی اعزاز اور سیاسی اقتدار کی طلب بھی ہوسکتی ہے، لیکن ہندوپاک کے مسلمانوں کا حال بالکل جداگانہ ہے۔ یہاں عربی زبان کی تحصیل وطلب کے پیچھے قرآن وحدیث کا عرفان اور عینی سعادتوں کے علاوہ اور کوئی جذبہ کارفرما نہیں ہے۔

اس بات میں کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے کہ کوئی بھی غیر مادری زبان قواعد وگرامر کے بغیر سیکھی نہیں جاسکتی، چنانچہ عربی زبان سیکھنے کے لیے بھی ہمارے یہاں عہد قدیم سے لے کر آج تک صرف ونحو کے قواعد پر بہت سی کتابیں لکھی گئیں۔ ان کتابوں کے معنوی فیضان اور علمی برکتوں سے انکار نہیں کیا جاسکتا، لیکن زمانے کی تجدد پسندی اور سہل نگاری کے باعث اب پرانی

کتابیں سہل پسند طبیعتوں پر بوجھ بنتی جارہی ہیں۔ اس لیے طلبہ کے ذہنی رجحانات کو سامنے رکھتے ہوئے عربی زبان وقواعد پر بہت سی نئی نئی کتابیں منظر عام پر آگئی ہیں، جن کی طرف عربی زبان کے شائقین تیزی سے لپک رہے ہیں۔

لیکن اگر چھوٹا منہ بڑی بات کا طعنہ نہ دیا جائے، تو میرے نزدیک آج کی لکھی ہوئی عربی زبان کی درسی کتابوں میں بہت سے نقائص موجود ہیں۔ میں اس سلسلے میں ان کتابوں کا ذکر نہیں کروں گا، جنہیں پرانی کتابوں کا اردو ایڈیشن کہا جائے تو غلط نہ ہوگا، کیونکہ ان کتابوں میں مصنفین کا اپنا ذہن صرف اس حد تک کارفرما ہے کہ انہوں نے عربی یا فارسی عبارتوں کو اردو کا جامہ پہنا دیا ہے۔

اگر پرانی کتابیں اپنے طرز بیان، ترتیب مضامین اور مسائل کے اغلاق واطناب کے لحاظ سے سہل پسند طبیعتوں کے لیے مشکل تھیں، تو اردو ترجمہ کے بعد بھی یہ مشکلات اپنی جگہ پر برقرار ہیں۔

اب رہ گئے وہ لوگ، جنہوں نے اپنی فکری صلاحیتوں سے کام لیتے ہوئے عربی زبان کی تعلیم کے لیے جدید پیرایہ اختیار کیا ہے، تو ان میں سے کچھ لوگ تو وہ ہیں، جنہوں نے ممالک عربیہ کے مدارس میں پڑھائی جانے والی عربی ریڈروں کا بالکل چربہ اتارا ہے اور براہ راست عربی زبان سے روشناس کرانے کی ناکام کوشش کی ہے اور صرفی ونحوی قواعد سے مکمل پہلو تہی کی ہے۔ ایسا کرکے وقتی طور پر انہوں نے طالب علم کے ذہن کو عربی قواعد وگرامر کی زحمتوں سے ضرور بچالیا ہے، مگر یہ طریقہ صرف ان طالب علموں کے لیے مفید ہوسکتا ہے، جن کی مادری زبان عربی ہے، لیکن جن کی مادری زبان عربی نہیں ہے، ان کے لیے براہ راست عربی زبان سے روشناس کرانے کا یہ طریقہ اس لحاظ سے قطعاً غیر مفید ہے کہ رٹے رٹائے چند جملوں کا حافظ بنادیے جانے کے سوا، وہ زبان پر عبور حاصل کرنے کی صلاحیت قطعاً نہیں پیدا کرتا۔

اب رہ گئے وہ مصنفین، جنہوں نے صرفی ونحوی قواعد کو ساتھ لیتے ہوئے پرانی کتابوں کی جگہ پر نئی کتابیں لکھی ہیں، ان میں سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ ان کے یہاں اسباق اور مسائل کے درمیان کوئی ترتیب نہیں ہے۔ فن اور طالب علم کے ذہنی مدارج سے آنکھیں بند کرکے چند بے ترتیب اسباق انہوں نے کتاب کی شکل میں جمع کردیے ہیں۔

اور یہ الزام تو قدر مشترک کے ساتھ ان سارے مصنفین پر ہے کہ کتاب لکھتے وقت ان میں سے کسی نے بھی مبتدی طلبہ کی ذہنی سطح کو سامنے نہیں رکھا ہے۔ شروع سے اخیر تک پوری کتاب مصنف ہی کے اپنے معیار فکر پر ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ کتاب لکھنے والے یا تو کالجوں کے عربی پروفیسر ہیں یا پھر اونچی سطح کے اہل قلم۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں گروہوں میں سے کسی کو بھی مبتدی طالب علموں کے ذہنی مدارج کا خود کوئی ذاتی تجربہ نہیں ہے۔

اب میرا حال سنیے کہ اپنی تیس سالہ تدریسی زندگی میں زیادہ تر مبتدی طلبہ سے ہی میرے درس وتدریس کا تعلق رہا ہے، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ سوائے ناگپور کے کسی درس گاہ سے بھی میرا تعلق ملازمت کا نہیں رہا، بلکہ ملک وبیرون ملک میں خود اپنے ہی قائم کردہ مدرسوں میں مجھے کام کرنا پڑا اور ہر جگہ ابتداء میں مجھے مبتدی ہی طلبہ ملے۔ اس طرح سالہا سال تک مجھے مبتدی طلبہ کے ذہنی مدارج، ان کے فہم وفکر کی سطح اور صرفی ونحوی قواعد کے سلسلے میں ان کی پیش آمدہ مشکلات کو اچھی طرح سمجھنے کا موقع ملا۔

اپنے انہی تجربات کی روشنی میں ایک عرصہ سے میری خواہش تھی کہ عربی زبان پر ایک ایسی درسی کتاب لکھی جائے، جس کے ذریعہ نہ صرف یہ کہ زبان پر طلبہ کو عبور حاصل ہو، بلکہ عربی درس گاہوں کے رائج علوم بالخصوص قرآن وحدیث کے معارف ومضامین سے بھی وہ روشناس ہوسکیں۔

خدا کا شکر ہے کہ ایک عرصہ دراز کے بعد آج میں اپنی آرزوئے شوق کی تکمیل کا سلسلہ شروع کررہا ہوں۔

زیر نظر کتاب کا نام میں نے اس حدیث کی روشنی میں ''لسان الفردوس'' رکھا ہے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہوگی۔

یہ کتاب کا پہلا حصہ ہے، توفیق خداوندی شریک حال رہی تو یہ کتاب کئی حصوں میں مکمل ہوگی۔ اپنی افادیت، حسن ترتیب اور طریقۂ تعلیم کے اعتبار سے کتاب کیسی ہے، اس کا فیصلہ اہل علم کریں گے۔

(قائد اہل سنت علامہ) ارشد القادری (علیہ الرحمہ)

۳۰رشوال المکرم ۱۴۰۹ہجری

تأثرات

ادیب شہیر علامہ یٰسین اختر مصباحی

مدیر مسؤل ماہنامہ حجاز جدید، دہلی

عربی زبان کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ وہ کلام الٰہی کی حامل وامین ہے۔ اور اس کی آغوش میں احادیث کریمہ کا وہ ذخیرہ وسرچشمہ ہے، جو معدن جود وکرم رحمت دوعالم افصح العرب والعجم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے جاری ہوکر بنی نوع انسان کی رشد وہدایت کا باعث بنا، ساتھ ہی اس زبان کو یہ امتیاز واختصاص بھی حاصل ہے کہ یہ اہل جنت کی بھی زبان ہوگی۔

اس کی اہمیت کا ایک قابل لحاظ پہلو یہ بھی ہے کہ قرآن وحدیث کی تفاسیر وشرح اور سارے علوم وفنون کی مستند اور بیشتر کتابیں اسی کے دامن سے وابستہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سارے عالم اسلام میں عربی زبان وادب پر سب سے زیادہ توجہ دی جاتی ہے اور اسے سینے سے لگایا جاتا ہے۔

زیرنظر کتاب کا نام میں نے اس حدیث کی روشنی میں ''لسان الفردوس'' رکھا ہے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہوگی۔

یہ کتاب کا پہلا حصہ ہے، توفیق خداوندی شریک حال رہی تو یہ کتاب کئی حصوں میں مکمل ہوگی۔ اپنی افادیت، حسن ترتیب اور طریقۂ تعلیم کے اعتبار سے کتاب کیسی ہے، اس کا فیصلہ اہل علم کریں گے۔

(قائد اہل سنت علامہ) ارشد القادری (علیہ الرحمہ)

۳۰ر شوال المکرم ۱۴۰۹ ہجری

تأثرات

ادیب شہیر علامہ یٰسین اختر مصباحی

مدیر مسؤل ماہنامہ حجاز جدید، دہلی

عربی زبان کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ وہ کلام الٰہی کی حامل وامین ہے۔ اور اس کی آغوش میں احادیث کریمہ کا وہ ذخیرہ وسرچشمہ ہے، جو معدن جود وکرم رحمت دوعالم افصح العرب والعجم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے جاری ہو کر بنی نوع انسان کی رشد وہدایت کا باعث بنا، ساتھ ہی اس زبان کو یہ امتیاز واختصاص بھی حاصل ہے کہ یہ اہل جنت کی بھی زبان ہوگی۔

اس کی اہمیت کا ایک قابل لحاظ پہلو یہ بھی ہے کہ قرآن وحدیث کی تفاسیر وشرح اور سارے علوم وفنون کی مستند اور بیشتر کتابیں اسی کے دامن سے وابستہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سارے عالم اسلام میں عربی زبان وادب پر سب سے زیادہ توجہ دی جاتی ہے اور اسے سینے سے لگایا جاتا ہے۔

آج کی مادی دنیا میں عربی زبان کی افادیت اس وقت اور زیادہ بڑھ گئی، جب سرزمین عرب سے تیل کے چشمے ابلنے لگے۔ اس صورت حال نے بین الاقوامی سطح پر عربی زبان کو زبردست وقار بخشا اور ساری دنیا میں اس کی تعلیم وتدریس کی طرف خاطر خواہ توجہ دی جانے لگی۔ ہندوستان کے اسلامی مدارس میں اس کی تعلیم شروع ہی سے جاری ہے، لیکن بدقسمتی سے رائج الوقت نصاب عربی بولنے اور لکھنے کی صلاحیت ان طلباء کے اندر بالکل پیدا نہیں کرپاتا، جو کئی کئی سال تک اس کی تحصیل میں مصروف رہتے ہیں۔

قائد اہل سنت حضرت علامہ ارشد القادری صدر کل ہند مسلم پرسنل لا کانفرنس نے نصاب تعلیم کی اس خامی اور نقص کو شدت سے نہ صرف یہ کہ محسوس کیا ہے، بلکہ اس کے ازالہ کی کوشش کا آغاز بھی فرمادیا ہے اور پندرہ اسباق پر مشتمل نہایت سہل، عام فہم اور مبتدی طلباء کی ذہنی سطح سے ہم آہنگ یہ مختصر سی کتاب ''لسان الفردوس'' آپ کی نگاہوں کے سامنے ہے، جس کے باقی حصے بھی انشاء اللہ جلد ہی منظر عام پر آجائیں گے۔ اہل سنت کو یہ خوشگوار انقلاب مبارک ہو کہ حضرت علامہ موصوف کا فکری وتعمیری ذہن جس طرح اب تک ملک وبیرون ملک میں درجنوں اسلامی مدارس کو عالم وجود سے ہمکنار کرچکا ہے، اسی طرح اب ان کی توجہ ان مدارس کے نصاب کی اصلاح کی طرف بھی مبذول ہوئی ہے اور پہلے مرحلے میں عربی زبان کو سامنے رکھ کر حضرت علامہ نے مختلف کتابوں کی ترتیب اور عالم عرب سے اس موضوع کی جدید کتابوں کی فراہمی کا سلسلہ بھی شروع کردیا ہے۔

خدا کرے یہ سلسلہ پوری جماعت اہل سنت کے لیے باعث خیر وبرکت ثابت ہو اور اس کی روشنی میں نئی نئی راہیں اور نئے نئے اقدامات سامنے آتے رہیں۔

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

یکشنبہ، ۱۳/ذوالقعدہ ۱۴۰۹ ہجری، بمطابق ۱۸/جون ۱۹۸۹ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الدرس الاول

هٰذا	ذٰلك
یہ	وہ

قَلَمٌ	كِتَابٌ	مِرْسَمٌ	قِرْطَاسٌ	مِحْبَرٌ	مِسْطَرٌ
قلم	کتاب	پنسل	کاغذ	دوات	رول

هٰذَا قَلَمٌ   ذٰلِكَ كِتَابٌ   هٰذَا مِرْسَمٌ

ذٰلِكَ قِرْطَاسٌ   هٰذَا مِحْبَرٌ   ذٰلِكَ مِسْطَرٌ

تمرینات

عربی میں ترجمہ کرو:

وہ کاغذ ہے۔ یہ پنسل ہے۔ یہ قلم ہے۔ وہ دوات ہے۔ یہ کاغذ ہے۔ وہ قلم ہے۔ یہ کتاب ہے۔

اردو میں ترجمہ کرو:

ذٰلِكَ مِسْطَرٌ۔ هٰذَا كِتَابٌ۔ ذٰلِكَ مِرْسَمٌ۔ هٰذَا قِرْطَاسٌ۔ ذٰلِكَ مِحْبَرٌ۔

خالی جگہیں پر کرو:

.... مِسْطَرٌ

هٰذَا ....

ذٰلِكَ مِرْسَمٌ وَهٰذَا ....

هٰذَا قِرْطَاسٌ وَهٰذَا ....

ذٰلِكَ ....

الدرس الثانی

ىَ	نَا
میرا۔ میری میرے	ہمارا۔ ہماری ہمارے

لِسَانٌ	جَبِيْنٌ	رَأْسٌ	شَعْرٌ	صَدْرٌ	اَنْفٌ
زبان	پیشانی	سر	بال	سینہ	ناک

لِسَانِيْ۔ لِسَانُنَا۔ جَبِيْنِيْ۔ جَبِيْنُنَا۔ رَأْسِيْ۔ رَأْسُنَا۔ شَعْرِيْ۔ شَعْرُنَا۔ صَدْرِيْ۔ اَنْفِيْ۔ هٰذَا صَدْرِيْ۔ ذٰلِكَ قَلَمِيْ۔ هٰذَا كِتَابُنَا۔ هٰذَا مِسْطَرِيْ۔ ذٰلِكَ قِرْطَاسُنَا۔ هٰذَا اَنْفِيْ۔ هٰذَا رَأْسِيْ

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

هٰذَا لِسَانٌ ۔ هٰذَا لِسَانِيْ ۔ ذٰلِكَ قَلَمٌ ۔ ذٰلِكَ مِرْسَمِيْ ۔ ذٰلِكَ مِحْبَرِيْ

ذٰلِكَ كِتَابُنَا ۔ هٰذَا اَنْفٌ ۔ هٰذَا اَنْفِيْ ۔ ذٰلِكَ قَلَمُنَا ۔ هٰذَا صَدْرِيْ

عربی میں ترجمہ کرو:

یہ سر ہے۔ یہ میرا سر ہے۔ یہ میرا قلم ہے۔ یہ ہماری کتاب ہے۔

یہ میری پنسل ہے۔ وہ ہمارا دل ہے۔ یہ میرا سینہ ہے۔ وہ میری دوات ہے۔

یہ ہمارا کاغذ ہے۔ یہ میری ناک ہے۔

خالی جگہیں پر کرو:

هٰذَا .... يْ

ذٰلِكَ .... نَا

.... صَدْرُنَا

ذٰلِكَ اَنْفُ ....

هٰذَا ... يْ وَ ..... كِتَاب ....

الدرس الثالث

ہٗ	هُمْ
اس کا۔ اس کی اس کے	ان کا۔ ان کی ان کے

بُسْتَانٌ	بَيْتٌ	بَابٌ	مَآءٌ	ثَوْبٌ	سَمَكٌ
باغ	گھر	دروازہ	پانی	کپڑا	مچھلی

بُسْتَانُهٗ ۔ بُسْتَانُهُمْ ۔ بَيْتُهٗ ۔ بَيْتُهُمْ ۔ بَابُهٗ ۔ بَابُهُمْ ۔ ثَوْبُهٗ ۔ ثَوْبُهُمْ

سَمَكُهٗ ۔ سَمَكُهُمْ ۔ هٰذَا ثَوْبُهٗ ۔ ذٰلِكَ بَيْتُهٗ ۔ هٰذَا بَيْتُهُمْ ۔ هٰذَا بَابُنَا ۔

هٰذَا مَاءٌ ۔ ذٰلِكَ بُسْتَانِيْ ۔ هٰذَا قَلَمِيْ ۔ ذٰلِكَ قَلَمُهٗ ۔ هٰذَا قِرْطَاسِيْ ۔

ذٰلِكَ قِرْطَاسُهُمْ ۔ هٰذَا مِرْسَمِيْ ۔ ذٰلِكَ بَابُهٗ ۔ هٰذَا قَلَمُهٗ ۔ هٰذَا ثَوْبِيْ

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

هٰذَا بُسْتَانِيْ ۔ ذٰلِكَ بُسْتَانُهٗ ۔ ذٰلِكَ بَيْتُهٗ ۔ هٰذَا بَيْتِيْ ۔

ذٰلِكَ بَيْتُهٗ ۔ هٰذَا قَلَمِيْ ۔ ذٰلِكَ كِتَابُهٗ ۔ هٰذَا رَأْسُهٗ ۔ ذٰلِكَ بَيْتُهُمْ ۔

هٰذَا اَنْفِيْ ۔ ذٰلِكَ قِرْطَاسُهُمْ ۔ هٰذَا ثَوْبِيْ ۔ ذٰلِكَ كِتَابُهُمْ ۔ هٰذَا سَمَكِيْ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

یہ باغ ہے۔ یہ اس کا باغ ہے۔ یہ میرا قلم ہے۔ وہ ان کی کتاب ہے۔

یہ ہمارا گھر ہے۔ وہ ان کی مچھلی ہے۔ یہ ان کا دروازہ ہے۔ یہ اس کا گھر ہے۔

یہ کپڑا ہے۔ یہ میرا کپڑا ہے۔ وہ اس کی پنسل ہے۔ یہ اس کا بال ہے۔

یہ پانی ہے۔ یہ اس کا پانی ہے۔ یہ ہماری دوات ہے۔ وہ اس کاغذ ہے۔

خالی جگہیں پر کرو:

هٰذَا ....هٗ

ذٰلِكَ قَلَمُ......

.........قِرْطَاسِيْ وَذٰلِكَ ثَوْبُ.......

هٰذَا اَنْفِيْ وَهٰذَا رَأْسِ.......

هٰذَا سَمَ.....هُمْ

الدرس الرابع

كَ	كُمْ
تیرا۔ تیری تیرے	تمہارا۔ تمہاری تمہارے

اَيْنَ	مَا۔ مَاذَا	عَلٰى	فِيْ	مِفْتَاحٌ	سَيْفٌ
کہاں	کیا	پر	میں	کنجی	تلوار

قَلَمُكَ ۔ قَلَمُكُمْ ۔ كِتَابُكَ ۔ كِتَابُكُمْ ۔ هٰذَا اَنْفِيْ ۔ ذٰلِكَ اَنْفُكَ ۔ هٰذَا بَيْتُنَا

ذٰلِكَ بَيْتُكُمْ ۔ هٰذَا ثَوْبُهٗ ۔ ذٰلِكَ ثَوْبُنَا ۔ اَيْنَ سَمَكُكَ؟ سَمَكِيْ هٰذَا ۔

مَا هٰذَا؟ هٰذَا مِفْتَاحٌ ۔ ذٰلِكَ سَيْفٌ ۔ هٰذَا مِفْتَاحِيْ وَذٰلِكَ مِفْتَاحُكَ ۔

ثَوْبِيْ عَلٰى رَأْسِكَ وَثَوْبُكَ عَلٰى رَأْسِيْ ۔ لِسَانُنَا عَرَبِيٌّ وَلِسَانُكُمْ هِنْدِيٌّ ۔

تمرينات

اردو میں ترجمہ کرو:

هٰذَا سَيْفِيْ وَذٰلِكَ سَيْفُكَ ۔ قَلَمُكَ فِيْ بَيْتِيْ وَقَلَمِيْ فِيْ بَيْتِكَ ۔
مَا هٰذَا ؟ هٰذَا كِتَابِيْ ۔ عَلٰى رَأْسِيْ شَعْرٌ ۔ اَيْنَ كِتَابِيْ ؟
كِتَابُكَ عَلٰى صَدْرِكَ ۔ اَيْنَ السَّمَكُ ؟ اَلسَّمَكُ فِي الْمَآءِ ۔
اَيْنَ سَيْفِيْ ؟ سَيْفُكَ فِي الْبَيْتِ ۔ مَاذَا فِيْ بُسْتَانِهٖ ؟ فِيْ بُسْتَانِهٖ سَمَكٌ

عربی میں ترجمہ کرو:

میرا قلم کہاں ہے؟ تیرا قلم میرے گھر میں ہے۔ یہ کیا ہے؟ یہ میری تلوار ہے۔
میری تلوار تیرے سر پر ہے۔ اس کی مچھلی پانی میں ہے۔ ہماری کتاب یہ ہے۔
تمہارا گھر ہمارے باغ میں ہے۔ اس کے سینے پر کیا ہے؟ تیرا قلم کہاں ہے؟
ہماری کتاب کہاں ہے؟ تیری کنجی میرے گھر میں ہے۔ میرے دروازے پر کیا ہے؟
تیرے دروازے پر میرا باغ ہے۔ تیرے سر پر کیا ہے؟ میرے سر پر میرا بال ہے۔
یہ تیری کتاب ہے۔ وہ اس کی کتاب ہے۔ یہ میرا گھر ہے۔

خالی جگہیں پر کرو:

اَيْنَ .... هٗ
قَلَمِيْ عَلٰى ...... ىْ
اَلسَّمَكُ فِيْ .... وَالْمِفْتَاحُ ...... بَيْتِكُمْ
سَيْفُكَ ...... بَيْتِ ......
كِتَابُكَ ...... بَيْتِيْ وَقَلَمُ ...... رَأْسِ ......

الدرس الخامس

تِلْكَ	هٰذِهٖ
وہ (مؤنث کے لیے)	یہ (مؤنث کے لیے)

مَنْ	وَلَدٌ	بِنْتٌ	لَا	نَعَمْ	أ
کون	لڑکا	لڑکی	نہیں	ہاں	کیا

أَهٰذِهٖ بِنْتٌ ؟ لَا ، هٰذَا وَلَدٌ ۔ مَنْ تِلْكَ ؟ تِلْكَ بِنْتِيْ ۔ أَهٰذَا وَلَدُكَ ؟
نَعَمْ ، هٰذَا وَلَدِيْ ۔ أَبِنْتُكِ هٰذِهٖ ؟ لَا ، بِنْتِيْ تِلْكَ ۔ أَهٰذَا سَيْفُكَ ؟
لَا ، ذٰلِكَ سَيْفِيْ ۔ أَذٰلِكَ قَلَمٌ ؟ لَا ، ذٰلِكَ مِرْسَمٌ ۔ مَنْ عَلٰى بَابِكَ ؟
عَلٰى بَابِيْ بِنْتِيْ ۔ أَكِتَابُكَ هٰذَا ؟ لَا ، كِتَابُهٗ ذٰلِكَ ۔

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

أَهٰذِهٖ بِنْتُكَ؟ نَعَمْ، هٰذِهٖ بِنْتِيْ ـ مَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ وَلَدِيْ ـ
أَعَلٰى رَأْسِكَ اَنْفٌ؟ لَا، عَلٰى رَأْسِيْ شَعْرٌ ـ مَاهٰذَا؟ هٰذَا قَلَمِيْ ـ
اَيْنَ وَلَدُهٗ؟ وَلَدُهٗ فِيْ بَيْتِيْ ـ مَاذَا فِيْ كِتَابِكَ؟ فِيْ كِتَابِيْ مِرْسَمٌ ـ
أَكِتَابُكُمْ هٰذَا؟ لَا، كِتَابُنَا ذٰلِكَ ـ اَيْنَ سَيْفُكَ؟ سَيْفِيْ فِيْ بَيْتِهٖ ـ

عربی میں ترجمہ کرو:

تیرا قلم کہاں ہے؟ میرا قلم میرے گھر میں ہے۔ کیا یہ اس کی کتاب ہے؟
نہیں، یہ میری کتاب ہے۔ کیا یہ لڑکا ہے؟ نہیں، یہ لڑکی ہے۔ کیا یہ تیرا باغ ہے؟
ہاں، یہ میرا باغ ہے۔ کون اس کا لڑکا ہے؟ یہ اس کا لڑکا ہے۔ وہ کون ہے؟
وہ میری لڑکی ہے۔ کیا یہ تم لوگوں کا گھر ہے؟ ہاں، یہ ہم لوگوں کا گھر ہے۔
تیری لڑکی کہاں ہے؟ میری لڑکی میرے گھر میں ہے۔

خالی جگہیں پر کرو:

اَيْنَ .... كَ ـ
.... بِنْتُكُمْ ـ
مِفْتَاحُ .... فِيْ .... بَيْتِ ....
ثَوْبِيْ عَلٰى .... كَ
أَهٰذَا وَلَدُكَ؟ .... هٰذَا وَلَدُهٗ ـ
أَهٰذَا قِرْطَاسٌ ....؟

الدرس السادس

هَا	هُنَّ
اُس کا۔ اُس کی اُس کے لیے (مؤنث کے لیے)	اُن کا۔ اُن کی اُن کے لیے (مؤنث کے لیے)

أُخْتٌ	أُمٌّ	اِسْمٌ	وَجْهٌ	هُنَا	هُنَاكَ	بَيْنَ	عِنْدَ
بہن	ماں	نام	چہرہ	یہاں	وہاں	درمیان	پاس

هٰذِهٖ أُخْتِيْ وَ تِلْكَ أُمُّكَ ـ هٰذَا بَيْنِيْ وَبَيْنُكَ ـ أَقَلَمُهَا هُنَا؟ لَا، قَلَمُهَا هُنَاكَ ـ
مَا اِسْمُكَ؟ اِسْمِيْ مَحْمُوْدٌ ـ اَيْنَ بَيْتُكَ؟ بَيْتِيْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ ـ أَهٰذِهٖ أُمُّكَ؟
نَعَمْ، هٰذِهٖ أُمِّيْ ـ أَتِلْكَ بِنْتُكَ؟ لَا، هٰذِهٖ بِنْتِيْ ـ اَيْنَ بُسْتَانُهُنَّ؟ بُسْتَانُهُنَّ
عِنْدَ بَيْتِكَ ـ قَلَمُكَ عِنْدِيْ وَ كِتَابِيْ عِنْدَكَ ـ أَهٰذَا وَجْهُكَ؟ نَعَمْ ـ

تمرينات

اردو میں ترجمہ کرو:

أَبِنْتُهَا هٰذِهٖ؟ لَا، بِنْتُهَا تِلْكَ ۔ أَذٰلِكَ بَيْتُهُنَّ؟ نَعَمْ، ذٰلِكَ بَيْتُهُنَّ ۔
اَيْنَ اُخْتُهَا؟ اُخْتُهَا فِيْ بَيْتِهَا ۔ أَتِلْكَ اُمُّهُنَّ؟ لَا، تِلْكَ اُمُّنَا ۔
مَنْ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ؟ هٰذَا وَلَدِيْ ۔ مَا عِنْدَكَ؟ عِنْدِيْ كِتَابٌ وَّ قَلَمٌ ۔
قَلَمُكَ لَا عِنْدِيْ وَلَا عِنْدَهٗ ۔ وَلَدُهٗ لَا عِنْدِنَا وَلَا عِنْدَ كُمْ ۔
وَلَدُكَ لَا هُنَا وَلَا هُنَاكَ ۔ اُمُّكَ هُنَا ۔ كِتَابِيْ عِنْدَكَ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

کیا یہ اُس (عورت) کا بال ہے؟ ہاں، یہ اس (عورت) کا بال ہے۔
کیا میری کتاب تیرے پاس ہے؟ نہیں۔ باغ میں کون ہے؟
میرا لڑکا باغ میں ہے۔ کیا تیری بہن یہاں ہے؟ نہیں، میری بہن وہاں ہے۔
وہ کون ہے؟ وہ میرا لڑکا ہے۔ کیا تیری لڑکی اُن (عورتوں) کے پاس ہے؟
میری بہن کہاں ہے؟ تیری بہن میرے باغ میں ہے۔ کیا وہ کنجی ہے؟
نہیں وہ پنسل ہے۔ کیا تیری تلوار اُس (مرد) کے گھر میں ہے؟
نہیں، میری تلوار میرے پاس ہے۔ اُس کی (لڑکی) کتاب کہاں ہے؟

خالی جگہیں پر کرو:

هٰذِهٖ......ةٌ وَتِلْكَ......هَا ۔
اُخْتُهٗ......وَوَلَدُهٗ......
قَلَمِيْ......كَ وَ كِتَابِيْ......هٗ ۔

الدرس السابع

كِ	كُنَّ
تیرا۔ تیری تیرے (مؤنث کے لیے)	تمہارا۔ تمہاری تمہارے (مؤنث کے لیے)

بَلْ	قِطَّةٌ	لَوْنٌ	كَبِيْرٌ	صَغِيْرٌ	اَبْيَض	اَسْوَدُ	يَدٌ	اَمْ
بلکہ	بلی	رنگ	بڑا	چھوٹا	سفید	سیاہ	ہاتھ	یا

مَا اسْمُكِ؟ اِسْمِيْ فَاطِمَةُ ۔ أَوَلَدُكِ صَغِيْرٌ؟ لَا، وَلَدِيْ كَبِيْرٌ ۔ أَعِنْدَكَ قِطَّةٌ ۔
نَعَمْ، عِنْدِيْ قِطَّةٌ ۔ مَا لَوْنُهَا؟ لَوْنُهَا اَبْيَضُ ۔ مَا فِيْ يَدِكَ؟ فِيْ يَدِيْ كِتَابِيْ ۔
أَهٰذَا قَلَمٌ اَمْ مِرْسَمٌ؟ بَلْ مِرْسَمٌ ۔ هٰذَا قِرْطَاسٌ ۔ لَوْنُهٗ اَسْوَدُ ۔ أَبِنْتُكَ هٰذِهٖ
اَمْ تِلْكَ؟ بَلْ تِلْكَ ۔ أَاُخْتُكُنَّ صَغِيْرَةٌ اَمْ كَبِيْرَةٌ؟ بَلْ صَغِيْرَةٌ ۔ اَيْنَ قَلَمُكِ؟

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

يَدِيْ عَلىٰ رَأْسِكَ ۔ أَهٰذَا ثَوْبُكِ أَمْ ثَوْبِيْ؟ بَلْ ثَوْبُكِ ۔ مَنْ بَيْنَ أُخْتِيْ وَأُمِّكِ؟ بَيْنَ أُمِّيْ وَأُخْتُكِ وَلَدِيْ ۔ أَبِنْتُكَ هٰذِهٖ أَمْ تِلْكَ ۔ وَجْهُهَا أَبْيَضُ لَا أَسْوَدُ ۔ أَنْفُهَا لَا صَغِيْرٌ وَّلَا كَبِيْرٌ ۔ لَوْنُهٗ لَا أَبْيَضُ وَلَا أَسْوَدُ ۔ هٰذَا بَيْتِيْ لَا بَيْتُكَ ۔ وَلَدُكَ صَغِيْرٌ أَمْ كَبِيْرٌ ۔ مِفْتَاحُهٗ كَبِيْرٌ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

میرے پاس نہ تیری لڑکی ہے اور نہ تیری بہن ۔ یہ بلی ہے مچھلی نہیں ہے ۔
اس کا لڑکا نہ یہاں ہے اور نہ وہاں ۔ اس کی ناک چھوٹی ہے اور اس کا سر بڑا ہے ۔
میرا گھر تیرے باغ کے پاس ہے ۔ تمہاری بلی میرے دروازے پر ہے ۔
تیرا رنگ سفید ہے اور اس کا رنگ کالا ہے ۔ کیا یہ تیری کتاب ہے یا میری کتاب؟
بلکہ میری کتاب ہے ۔ یہ لڑکا ہے اور وہ لڑکی ہے ۔ یہ بڑا ہے اور وہ چھوٹا ہے ۔
یہ سفید ہے اور وہ کالا ہے ۔

خالی جگہیں پر کرو:

هٰذِهٖ ...... كُنَّ وَذٰلِكَ ...... هُنَّ ۔
بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا ...... أَبْيَضُ ۔
لَوْنُهَا ...... أَمْ ...... ؟
بَلْ لَهٗ ...... وَ ...... وَ ......
أُخْتُكِ ...... وَوَلَدُكَ ......

الدرس الثامن

هٰذَا الْقَلَمُ	ذٰلِكَ الْكِتَابُ
یہ قلم	وہ کتاب

حَلِيْبٌ	يَوْمٌ	نَهَارٌ	لَيْلٌ	عَذْبٌ	اَلْيَوْمُ	بَارِدٌ	سُوْقٌ	عَيْنٌ
دودھ	دن	دن	رات	میٹھا	آج	ٹھنڈا	بازار	آنکھ

هٰذَا الْمَآءُ بَارِدٌ وَعَذْبٌ ۔ اَلْيَوْمُ عِيْدٌ ۔ مَاذَا فِيْ عَيْنِكِ ؟ هٰذَا الْيَوْمُ مُبَارَكٌ ۔

مَا الْفَرْقُ بَيْنَ النَّهَارِ وَاللَّيْلِ ۔ اَلنَّهَارُ أَبْيَضُ وَاللَّيْلُ أَسْوَدُ ۔ اَلسُّوْقُ عِنْدَ بَيْتِنَا ۔ وَلَدُكِ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ ۔ هٰذَا اللَّوْنُ أَبْيَضُ وَذٰلِكَ اللَّوْنُ أَسْوَدُ ۔ هٰذَا الْوَلَدُ صَغِيْرٌ وَّذٰلِكَ الْوَلَدُ كَبِيْرٌ ۔ أَفِيْ هٰذَا الْبَيْتِ مَآءٌ ؟ نَعَمْ ۔ هٰذَا الْمَآءُ عَذْبٌ وَّبَارِدٌ ۔ أَفِي الْحَلِيْبِ مَآءٌ ؟ لَا، مَا فِي الْحَلِيْبِ مَآءٌ ۔ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِيْ ۔ هٰذَا الْبَيْتُ لَهُنَّ ۔ ذٰلِكَ الْمِفْتَاحُ صَغِيْرٌ وَهٰذَا الْبَابُ كَبِيْرٌ

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

هٰذَا وَقْتُ الدَّرْسِ ۔ هٰذَا الْكِتَابُ لَنَا وَ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَكُمْ ۔ هٰذَا الْقَلَمُ
قَلَمُ الْاُسْتَاذِ ۔ هٰذَا الْكِتَابُ كِتَابُ الصَّلٰوةِ ۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۔
اَلْعِزَّةُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ۔ اَرْضِيْ مِنْ هُنَا اِلٰى هُنَاكَ ۔ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۔
اَللّٰهُ مَوْلَانَا ۔ مِنْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ اِلٰى تِلْكَ الْجُمُعَةِ ۔ لَحْمُ الشَّاةِ حَلَالٌ ۔
مَدْرَسَتِيْ مِنَ الصَّبَاحِ اِلَى الظَّهِيْرَةِ ۔ كَيْفَ حَالُهٗ ۔ مَدِيْنَةُ الرَّسُوْلِ ۔
بَابُ الْمَسْجِدِ كَبِيْرٌ وَّبَابُ الْبَيْتِ صَغِيْرٌ ۔ نَبِيُّ اللّٰهِ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

آسمان کا پانی شیریں ہے۔ یہ تلوار میرے لیے ہے اور وہ تلوار تیرے لیے ہے۔
تیری بہن کے ہاتھ میں گھر کی کنجی ہے۔ اس دودھ میں آسمان کا پانی ہے۔
یہ نماز کا وقت ہے۔ نماز کا وقت صبح سے شام تک ہے۔ کیا یہ کپڑا تم لوگوں کا ہے؟
کیا تیری زمین یہاں سے وہاں تک ہے؟ اس کا کیا نام ہے؟ کیا تیرا نام محمود ہے؟
کیا یہ بکری کا گوشت ہے؟ کیا یہ دوپہر کا وقت ہے؟ یہ رات کی نماز ہے۔
یہ کتاب، اللہ کی کتاب ہے۔ یہ گھر اللہ کا گھر ہے۔

خالی جگہیں پر کرو:

ذٰلِكَ فَضْلُ........ وَ كَرَمُ........

.... اللّٰهِ وَاسِعَةٌ وَ........ ةٌ عَظِيْمَةٌ ۔

وَقْتُ الدِّرَاسَةِ مِنْ........ اِلٰى .... يَوْمِ........

الدرس العاشر

مَآءٌ بَارِدٌ	ثَوْبٌ طَاهِرٌ
ٹھنڈا پانی	پاک کپڑا

شُجَاعٌ	جَدِيْدٌ	زَهْرَةٌ	اَحْمَرُ	اَخْضَرُ
بہادر	نیا	کلی	سرخ	سبز
شَجَرَةٌ	رَجُلٌ	اِمْرَاَةٌ	تَحْتَ	فَوْقَ
درخت	مرد	عورت	نیچے	اوپر

اَفِيْ بُسْتَانِكَ زَهْرَةٌ ؛ وَرَقُ الشَّجَرَةِ اَخْضَرُ ۔ هٰذَا الرَّجُلُ شُجَاعٌ ۔
لِمَنْ هٰذَا الثَّوْبُ الْجَدِيْدُ ۔ هٰذَا الْحَلِيْبُ حَلِيْبٌ خَالِصٌ ۔ لِيْ قَلَمٌ اَسْوَدُ وَ
لَكَ مِرْسَمٌ اَحْمَرُ ۔ اَللَّوْنُ الْاَخْضَرُ اَحْسَنُ مِنَ اللَّوْنِ الْاَحْمَرِ ۔ لِمَنْ هٰذَا
الْقَلَمُ الْاَسْوَدُ ۔ اَلْوَلَدُ الصَّغِيْرُ فِي الْبَيْتِ الْجَدِيْدِ ۔ اَلْاَرْضُ تَحْتَ السَّمَآءِ ۔
وَالسَّمَآءُ فَوْقَ الْاَرْضِ ۔ اَهٰذِهِ الْمَرْاَةُ اُمُّكَ ؛ نَعَمْ ۔ اَلْقَلَمُ الْجَدِيْدُ اَحْمَرُ ۔
اَلْمَآءُ الْبَارِدُ طَاهِرٌ ۔ اَهٰذَا الثَّوْبُ لَكَ ۔ ذٰلِكَ الرَّجُلُ عَالِمٌ كَبِيْرٌ بَارِعٌ ۔
هٰذَا الْوَلَدُ تِلْمِيْذُهٗ ۔ تِلْكَ الشَّجَرَةُ فِيْ بَيْتِهٖ ۔ ذٰلِكَ الْوَلَدُ فَوْقَ السَّقْفِ ۔

تمرينات

اردو میں ترجمہ کرو:

عِنْدِیْ مِرْسَمٌ اَخْضَرُ ۔ مَاذَا تَحْتَ كِتَابِكَ ۔ عَرْشُ اللّٰهِ فَوْقَ السَّمَآءِ ۔
اَلْمَاءُ الْبَارِدُ تَحْتَ الْاَرْضِ ۔ وَجْهُكَ جَمِيْلٌ ۔ فِيْ بُسْتَانِهٖ زَهْرَةٌ ۔
لِلْمَسْجِدِ اَرْضٌ وَاسِعَةٌ ۔ اَلْمَآءُ الْبَارِدُ نِعْمَةُ اللّٰهِ ۔ اَفِيْكُمْ رَجُلٌ شُجَاعٌ ؟
أَفِيْ بَيْتِكَ ثَوْبٌ جَدِيْدٌ ؟ أَعِنْدَكِ قِرْطَاسٌ اَبْيَضُ ؟ نَعَمْ عِنْدِيْ ۔
عِنْدَنَا كِتَابُ اللّٰهِ تَعَالٰى ۔ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ۔
اَلْيَوْمُ يَوْمُ الْعِيْدِ، يَوْمُ الْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

نیا گھر۔ سیاہ کاغذ۔ یہ نیا گھر کس کا ہے؟ میرے سر کے اوپر کالا کپڑا ہے۔ بہادر لڑکا کہاں ہے؟ اس کی پیشانی سفید ہے۔ کیا ہمارے اوپر آسمان ہے؟ میرا لڑکا درخت کے نیچے ہے۔ تیری کتاب میں سرخ کلی ہے۔ سبق کا وقت صبح سے شام تک ہے۔ ہمارے استاد قرآن کے حافظ ہیں۔ تیرا لڑکا دوپہر سے کہاں ہے؟ کیا تیری بہن صبح سے گھر میں ہے؟ اس گھر میں ایک نیک عورت ہے۔ درخت کا رنگ سبز ہے۔ زمین کے نیچے شریں پانی ہے۔ ہماری زمین آسمان کے نیچے ہے۔ درخت کے اوپر کون ہے؟ یہ سفید کپڑا کس کا ہے ؟

خالی جگہیں پر کرو:

ذٰلِكَ الْكِتَابُ ...... لَهَا وَهٰذَا .... لِيْ
اَيْنَ ...... الطَّاهِرُ وَاَيْنَ الْقَلَمُ ....
اَلْمَرْأَةُ .... فِيْ ....

الدرس الحادى عشر

اَنَا	نَحْنُ
میں	ہم

ذَاهِبٌ	ذَاهِبُوْنَ	جَالِسٌ	جَالِسُوْنَ	لَيْسَ	هَلْ	قَائِمٌ	قَائِمُوْنَ	كَانَ
جارہا/ہے جانے والا	جارہے/ہیں جانے والے	بیٹھا ہے	بیٹھے ہیں	نہیں	کیا	کھڑا ہے	کھڑے ہیں	تھا/ہے

اَنَا ذَاهِبٌ ۔ نَحْنُ ذَاهِبُوْنَ ۔ اَنَا جَالِسٌ ۔ نَحْنُ جَالِسُوْنَ ۔ اَنَا قَائِمٌ ۔ نَحْنُ قَائِمُوْنَ ۔ وَلَدِيْ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ ۔ اَخِيْ قَائِمٌ هُنَاكَ ۔ أَلَيْسَ فِيْكُمْ رَجُلٌ شُجَاعٌ ؟ أَلَيْسَ هٰذَا قَلَمُكَ ؟ اَلْيَوْمَ نَحْنُ ذَاهِبُوْنَ اَلَى السُّوْقِ ۔ نَحْنُ قَائِمُوْنَ تَحْتَ السَّمَآءِ مِنَ الصَّبَاحِ ۔ هَلْ وَلَدُهٗ عِنْدَكَ ؟ اَخِيْ كَانَ جَالِسًا عِنْدَ الْمَسْجِدِ ۔ اَلَيْسَ فِيْ بُسْتَانِهٖ ذٰلِكَ الْعَالِمُ الْكَبِيْرُ ؟ وَلَدُكَ كَانَ قَائِمًا تَحْتَ الشَّجَرَةِ ۔ اَنَا ذَاهِبٌ اِلٰى بَيْتِيْ ۔

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

مَا الفَرْقُ بَيْنَ هٰذَا الْقَلَمِ وَذٰلِكَ الْقَلَمِ؟ اَنَا جَالِسٌ بَيْنَهٗ وَبَيْنَكَ۔ اَلَيْسَ هٰذَا وَرَقُ الْكِتَابِ؟ وَلَدِیْ قَائِمٌ عَلٰی بَابِ الْمَسْجِدِ۔ اَخِیْ ذَاهِبٌ اِلَی السُّوْقِ۔ وَلَدُكَ كَانَ جَالِسًا عِنْدَ بَيْتِیْ۔ اَلَيْسَ هٰذَا الْيَوْمُ يَوْمَ الْعِيْدِ؟ اَلَيْسَ فِيْكُمْ وَلَدٌ صَالِحٌ؟ اَخِیْ كَانَ قَائِمًا عَلٰی بَابِ الْبُسْتَانِ۔ هَلْ ذٰلِكَ الْوَلَدُ اِبْنُكِ؟ نَعَمْ، ذٰلِكَ الْوَلَدُ اِبْنِیْ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

ظہر کا وقت صبح اور شام کے درمیان ہے۔ ہم تیرے باغ میں صبح سے بیٹھے ہیں۔ کیا یہ مسجد کا دروازہ نہیں ہے؟ تیرا لڑکا کہاں کھڑا تھا؟ آج میں تمہارے درمیان ہوں۔ آسمان میرے سر کے اوپر ہے اور زمین میرے پاؤں کے نیچے ہے۔ کیا یہ کتاب تیرے لیے نہیں ہے؟ ایمان کی علامت نماز ہے۔ کیا میرا قلم تیرے پاس ہے؟ میرا بھائی اس گھر میں نہیں ہے۔ کیا وہ لڑکا بازار جا رہا ہے؟ جی ہاں، وہ بازار جا رہا ہے۔ ہم سب نماز کے لیے مسجد جا رہے ہیں۔

خالی جگہیں پر کرو:

ذٰلِكَ الْوَلَدُ ...... اِلَی الْمَدْرَسَةِ فِی الصَّبَاحِ۔

اَلَيْسَ هٰذَا عَالِمٌ ...... وَخَطِيْبٌ ......

اَنَا قَائِمٌ عِنْدَ بَيْتِ ......

هَلْ اَخِیْ ...... اِلَی ...... الْيَوْمَ۔

نَحْنُ جَالِس ...... بَيْنَهُمْ۔

الدرس الثانی عشر

اَنْتَ	اَنْتُمْ
تو (مذکر کے لیے)	تم لوگ (مذکر کے لیے)

صَامِتٌ	نَائِمٌ	صَائِمٌ	عَابِدٌ	لِمَاذَا	شَهْرٌ	جَبَلٌ	بَحْرٌ	نَارٌ
خاموش	سویا ہوا	روزہ دار	عبادت گزار	کیوں	مہینہ	پہاڑ	دریا	آگ

اَنْتَ صَامِتٌ۔ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ۔ اَنْتَ نَائِمٌ۔ اَنْتُمْ نَائِمُوْنَ۔ اَنْتَ صَائِمٌ۔ اَنْتُمْ صَائِمُوْنَ۔ هٰذَا شَهْرُ رَمَضَانَ۔ نَحْنُ فِيْهِ صَائِمُوْنَ نَهَارًا۔ لِمَاذَا اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ الْيَوْمَ۔ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ لَيْلَةٌ مُّبَارَكَةٌ۔ لِمَاذَا اَنْتَ نَائِمٌ فِي الْمَسْجِدِ؟

نَحْنُ قَائِمُوْنَ لِلصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم۔

هٰذَا الرَّجُلُ كَانَ نَائِمًا فِي الْمَسْجِدِ۔ نَحْنُ قَائِمُوْنَ وَاَنْتُمْ جَالِسُوْنَ هُنَا۔

اَخِیْ كَانَ قَائِمًا فَوْقَ الْجَبَلِ۔ مَاءُ الْبَحْرِ طَاهِرٌ۔

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

أَهٰذَا الثَّوْبُ طَاهِرٌ؟ هٰذَا مَاءُ الْبَحْرِ وَهٰذَا مَاءُ السَّمَاءِ ۔ اَنْتَ صَالِحٌ ۔ لِمَاذَا اَنْتُمْ جَالِسُوْنَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ ؟ أَاَنْتُمْ قَائِمُوْنَ هُنَا مِنَ الصَّبَاحِ؟ اَنَا نَائِمٌ فِيْ بَيْتِيْ وَاَنْتُمْ نَائِمُوْنَ فِيْ بُسْتَانِكُمْ ۔ أَاَنْتَ صَائِمٌ اَلْيَوْمَ ؟ اَلْمَوْتُ فِي الْاِسْلَامِ خَيْرٌ مِّنَ الْحَيَاةِ فِي الْكُفْرِ ۔ لَيْلَةُ الْعِيْدِ لَيْلَةُ السُّرُوْرِ ۔ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ وَالْكَافِرُوْنَ اَصْحَابُ النَّارِ ۔ أَاَنْتُمْ ذَاهِبُوْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ؟ اَنْتَ عَالِمٌ كَبِيْرٌ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

کون میرے دروازے پر کھڑا ہے؟ مغرب کا وقت رات اور دن کے درمیان ہے۔ کیا یہ لڑکا درخت کے نیچے نہیں سو رہا تھا؟ آخرت کا اجر روزہ دار کے لیے ہے۔ کیا تیرا لڑکا رمضان کے مہینے میں روزہ نہیں رکھتا ہے؟ تیرا لڑکا کہاں سو رہا ہے؟ سوال کے وقت یہ لڑکا خاموش کیوں تھا؟ آج میں روزہ دار ہوں۔ اپنی قوم میں تو نیک ہے۔ یہ آدمی صبح کہاں جا رہا ہے؟ تم لوگ وہاں کیوں جا رہے ہو؟

خالی جگہیں پر کرو:

اَنْتُمْ ذَاهِبُوْنَ اِلَى .... لِلصَّلٰوةِ ۔

...... اَلْوَلَدُ عَابِدٌ وَاَنْتَ ......

لِمَاذَا ...... قَائِمٌ عَلٰى بَابِ ......

اَنَا ...... فِيْ بَيْتِيْ ۔

...... رَمَضَانَ شَهْرُ الْبَرَكَةِ وَ ....

الدرس الثالث عشر

اَنْتِ	اَنْتُنَّ
تو (مؤنث کے لیے)	تم لوگ (مؤنث کے لیے)

ذَاهِبَةٌ	ذَاهِبَاتٌ	كُنْتِ	كُنْتَ	كُنْتُمْ	كُنْتُ	كُنَّا	اَمَا	بَلَدٌ
جارہی ہے	جارہی ہیں	توتھی	توتھا	تم تھے	میں تھا	ہم تھے	کیوں نہیں	شہر

اَنَا جَالِسٌ ۔ نَحْنُ جَالِسُوْنَ ۔ اَنْتَ جَالِسٌ ۔ اَنْتُمْ جَالِسُوْنَ ۔ اَنْتِ جَالِسَةٌ ۔ اَنْتُنَّ جَالِسَاتٌ ۔ اَنْتِ قَائِمَةٌ ۔ اَنْتُنَّ قَائِمَاتٌ ۔ اَنْتِ عَالِمَةٌ ۔ اَنْتُنَّ عَالِمَاتٌ ۔

لِمَاذَا كُنْتِ قَائِمَةً عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ؟ اَلْيَوْمَ كُنْتُ صَائِمًا ۔ اَنَا ذَاهِبٌ اِلَى الْبَلَدِ ۔ لِمَاذَا اَنْتُنَّ صَائِمَاتٌ يَوْمَ الْعِيْدِ؟ اُسْتَاذِيْ كَانَ قَائِمًا عَلٰى بَابِ الْمَدْرَسَةِ ۔ كُنَّا صَائِمِيْنَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ ۔ اَمَا كُنْتُ نَائِمًا فِيْ بُسْتَانِكَ ۔ أَاَنْتُنَّ مُسْلِمَاتٌ؟ نَعَمْ، نَحْنُ مُسْلِمَاتٌ ۔ لِمَاذَا كُنْتَ ذَاهِبًا اِلَى السُّوْقِ مَسَاءً؟

تمرینات

اردو میں ترجمہ کرو:

نَحْنُ كُنَّا ذَاهِبِيْنَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَى الْمَسْجِدِ ۔ هٰذِهِ الْبِنْتُ ذَاهِبَةٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ۔ أَأَنْتِ كُنْتِ نَائِمَةً عِنْدَ أُمِّكِ ۔ لِمَاذَا أَنْتُمْ جَالِسُوْنَ هُنَا ؟ مَنْ ذَاهِبٌ مِّنْكُمْ إِلَى الْبَلَدِ ؟ بَيْتِيْ فِيْ وَسَطِ الْبَلَدِ ۔ أَمَا كُنْتَ صَائِمًا يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۔ لِمَاذَا كُنْتِ جَالِسَةً عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ ؟ أَلَيْسَ هٰذَا الْوَلَدُ مِنْكُمْ ؟ أَفِيْ رَأْسِكَ شَعْرٌ أَبْيَضُ ۔ مَنْ كَانَ جَالِسًا هُنَاكَ ؟ أَمَا كُنْتَ نَاظِرًا إِلَيْنَا ؟ اَللّٰهُ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

تم لوگ جمعہ کے دن کہاں جارہے تھے؟ تو بازار میں کیوں کھڑی تھی؟ یہ لڑکی کب سے بیٹھی ہوئی ہے؟ تو نماز کے وقت کہاں سو رہا تھا؟ تم لوگ نماز کے وقت کہاں سو رہے تھے؟ تو نماز کے وقت کہاں سو رہی تھی؟ میں اس دن اپنے گھر جا رہا تھا۔ تم لوگ اس دن اپنے گھر جا رہے تھے۔ میں اس دن اپنے گھر جا رہی تھی۔ ہم لوگ اس دن اپنے گھر جا رہے تھے۔ تو اس دن اپنے گھر جا رہی تھی۔ یہ لڑکی کب سے بیٹھی ہوئی ہے؟ وہ آدمی یہاں نہیں ہے۔ آج میری امی روزہ سے ہیں۔

خالی جگہیں پر کرو:

أَنْتُنَّ .... إِلَى السُّوْقِ مَسَاءً ۔

أَمَا كُنْتُمْ صَائِم .... اَلْيَوْمَ ۔

كُنْتِ .... عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ ۔

أَنَا .... الرِّسَالَةَ إِلٰى أُمِّيْ ۔

الدرس الرابع عشر

هُوَ	هُمْ
وہ (مذکر کے لیے)	وہ لوگ (مذکر کے لیے)

اَوْلَادٌ	رِجَالٌ	شِمَالٌ	جَنُوْبٌ	هٰؤُلَاءِ	اُولٰئِكَ	سَقْفٌ	مَشْرِقٌ
لڑکے	لوگ	اتر	دکھن	یہ لوگ	وہ لوگ	چھت	پورب

هُوَ وَلَدِيْ ۔ هُمْ أَوْلَادُنَا ۔ هٰؤُلَاءِ رِجَالُ الْهِنْدِ ۔ هُمْ قَاعِدُوْنَ فَوْقَ الْجَبَلِ ۔ أُولٰئِكَ أَوْلَادُنَا ۔ هُمْ صَالِحُوْنَ فِي الْقَوْمِ ۔ أُولٰئِكَ الرِّجَالُ ذَاهِبُوْنَ إِلٰى مَكَّةَ لِأَدَاءِ فَرِيْضَةِ الْحَجِّ ۔ وَلَدِيْ نَائِمٌ فَوْقَ السَّقْفِ ۔ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ قَائِمُوْنَ عَلٰى دِيْنِهِمْ ۔ اَلْيَوْمَ أَوْلَادُنَا صَائِمُوْنَ ۔ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ أُخْتِيْ ۔ بَلَدُنَا فِيْ شَرْقِ الْهِنْدِ ۔ اَلْجَنُوْبُ ضِدُّ الشِّمَالِ وَالْمَغْرِبُ ضِدُّ الْمَشْرِقِ ۔ هُمْ ذَاهِبُوْنَ [illegible] إِلَى الْمَغْرِبِ ۔

تمرينات

اردو میں ترجمہ کرو:

هُمْ صَائِمُوْنَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ ۔ وَلَدِيْ فَوْقَ السَّقْفِ ۔ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ ذَاهِبُوْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ ۔ هُوَ نَائِمٌ فِيْ بَيْتِهٖ ۔ هَلْ اَنْتِ ذَاهِبَةٌ اِلَى السُّوْقِ ۔ هُمْ جَالِسُوْنَ عَلٰى بَابِ الْبَيْتِ ۔ اُولٰٓئِكَ الرِّجَالُ قَائِمُوْنَ فَوْقَ الْجَبَلِ ۔ لَيْسَ هٰذَا قَلَمِيْ ۔ هُمْ سَاجِدُوْنَ وَرَاكِعُوْنَ ۔ نَحْنُ صَامِتُوْنَ ۔ هُوَ جَالِسٌ ۔ أَهُوَ ذَاهِبٌ اِلَى الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ الْيَوْمَ ؟ نَعَمْ وَهُوَ ذَاهِبٌ اَلْيَوْمَ ۔

عربی میں ترجمہ کرو:

